روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 31 جولائی 2008ء 27 رجب 1429 ہجری 31 وفا 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 174

## بہترین دین

حضرت حذیفہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

**علم کی فضیلت عبادت کی فضیلت سے بہتر ہے اور تمہارا بہترین دین وہ ہے جو تقویٰ پر مبنی ہو۔**

(مستدرک حاکم جلد نمبر 1 ص 170 حدیث نمبر 317)

خلافت جوبلی کے سال منعقد ہونے والے 42ویں جلسہ سالانہ برطانیہ کے افتتاحی خطاب کا خلاصہ 25 جولائی 2008ء

# تقویٰ سے اطاعت اور اطاعت سے تقویٰ پیدا ہوتا ہے

## ان جلسوں کا مقصد یہ بھی ہے کہ تعلق اخوت استحکام پذیر ہو اور بھائی کے آرام کا خیال رکھیں

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ برطانیہ کے افتتاح کے لئے مورخہ 25 جولائی 2008ء کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز پاکستانی وقت کے مطابق ساڑھے نو بجے رات جلسہ گاہ تشریف لائے۔ حضور انور نے لوائے احمدیت جبکہ محترم امیر صاحب یوکے نے برطانیہ کا جھنڈا لہرایا۔ حضور انور نے اجتماعی دعا کروائی۔ بعدازاں حضور انور سٹیج پر رونق افروز ہوئے اور احباب جماعت کے پنڈال میں بیٹھ جانے کے انتظار میں کچھ توقف فرمایا۔ بعدازاں امیر صاحب یوکے نے برطانیہ کی دو معزز سیاسی شخصیات کو اظہار خیال کے لئے بلایا۔ انہوں نے حضور انور اور جماعت احمدیہ کو خلافت جوبلی کی مبارکباد دی اور جلسہ کے انتظامات کو سراہا۔ افریقہ میں تعلیمی، طبی اور دیگر انسانی خدمات اور جماعت کی ترقی کا اعتراف کیا۔ نیز مذہبی سیاسی رواداری، باہمی محبت و اخوت اور پُرامن معاشرہ کی ضرورت اور اس سلسلہ میں جماعت کے نظریہ کی تائید کی۔ دنیا کے بعض ممالک میں جماعت احمدیہ کے خلاف ہونے والی کارروائیوں پر اظہار ہمدردی کیا۔

اس کے بعد حضور انور نے مکرم طاہر ہانی صاحب کو تلاوت قرآن کریم کے لئے بلایا۔ ان کے بعد مکرم ڈاکٹر عبدالکریم خالد صاحب آف لاہور نے ان آیات کا اردو ترجمہ پیش کیا۔ بعدازاں مکرم ندیم زاہد صاحب نے حضرت مسیح موعود کا اردو منظوم کلام ترنم سے پیش کیا۔ اس کے بعد حضور نے خطاب فرمایا۔ یہ تمام کارروائی ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست نشر کی گئی۔

حضور انور نے فرمایا کہ قرآن کریم نے تقویٰ اور اطاعت مومنوں کی صفات بتائی ہیں اور یہی صفات پیدا کرنے کے لئے حضرت مسیح موعود نے جلسوں کا قیام فرمایا تھا۔ فرمایا جلسہ کے دوران ایسی پاک تبدیلی پیدا کریں کہ ان کی باریک راہوں پر عمل پیرا ہو سکیں۔ خدا کا خوف پیدا ہو، زہد، نرم دلی اور مواخات میں دوسروں کے لئے نمونہ بن جائیں۔ تقویٰ کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ ہر گناہ سے بچا جائے۔ عاجزی اور انکساری پیدا کی جائے اور تکبر سے بچا جائے۔ کیونکہ اکثر جگہ دوسروں کے حقوق تکبر اور اپنے آپ کو فائق سمجھ کر مارے جاتے ہیں۔ راستبازی کو اختیار کریں اور جھوٹ کو چھوڑ دیں۔ اگر حضرت مسیح موعود کی جماعت میں شامل ہونے کے انعامات حاصل کرنے ہیں تو تمام برائیاں چھوڑنی ہوں گی۔

حضور انور نے فرمایا کہ تقویٰ مرتے دم تک اختیار کرنا ہے۔ یہ عارضی نہ ہو۔ پھر بخشش ملے گی اس عہد کو ہمیشہ پورا کریں۔ دینی تعلیمات پر مکمل طور پر عمل کریں۔ قرآنی تعلیمات پر عمل کریں اور تقویٰ پیدا کرنے کے لئے خدا تعالیٰ کے خوف کو دل میں قائم رکھنا ہوگا اور خوف اسی طرح پیدا ہوگا کہ خدا تعالیٰ کے احکامات کو مدنظر رکھیں۔ فرمانبرداری کریں، شکرگزاری کریں۔ ہمیشہ خدا کو یاد رکھیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ کا تقویٰ اختیار نہ کرنے کی وجہ سے قوموں میں انحطاط پیدا ہوتا ہے۔ جب خدا تعالیٰ کے احکامات کی پرواہ نہیں کی جاتی اور دینی تعلیمات میں تبدیلی کر دی جاتی ہے تو خدا کا عذاب نازل ہوتا ہے اور قوم میں نقالی اور منافقت پیدا ہو جاتی ہے جیسا کہ قرآن نے یہود و نصاریٰ کی مثال بیان کی ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑ لو اور تفرقہ نہ کرو۔ یعنی نظام خلافت سے پیار و اخلاص و وفا کا تعلق ہونا چاہئے۔ اپنے مال، خاندان، جائیداد اور اولاد سے جماعت کی غیرت زیادہ ہو۔ تقویٰ اور کامل فرمانبرداری، ایمان اور فرمانبرداری اور خلافت سے اطاعت اور کامل فرمانبرداری یہ تین باتیں ہوں گی تو حبل اللہ کو پکڑنے والے ہوں گے۔ اگر خدا کی رسی کو مضبوطی سے پکڑیں گے تو تقویٰ اختیار کرنے والے ہوں گے اور تقویٰ سے اطاعت اور اطاعت سے تقویٰ پیدا ہوتا ہے۔ اس لئے نظام جماعت کی مکمل اطاعت کریں۔

حضور انور نے فرمایا کہ تفرقہ نہ کرنے سے مراد یہ ہے کہ بھائی کی حق تلفی نہ کی جائے۔ ان کو نقصان نہ پہنچایا جائے بلکہ ایک دوسرے کی رنجشوں کو دور کیا جائے اور جماعت میں اتحاد پیدا کیا جائے۔ پیار و محبت کی فضا، خدا سے سچا تعلق، ایک دوسرے کو معاف کرنے کی عادت پیدا کریں۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کا تقویٰ اور عمدہ اخلاق جنت میں لے جاتے ہیں۔ اگر ہر احمدی خدا کی خاطر دوستی کرنا اور خدا کی خاطر نفرت کرنا سیکھ جائے تو ہر احمدی جماعت کی زنجیر کو مضبوط کر رہا ہوگا اور ہر احمدی ایسا مضبوط کڑا ہوگا کہ جس کی مضبوطی کی ضمانت خدا تعالیٰ نے دی ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود نے ان جلسوں کے مقاصد میں سے ایک مقصد یہ بھی فرمایا ہے کہ اس سے تعلق اخوت استحکام پذیر ہوں گے۔ یعنی اپنے آرام پر اپنے بھائی کا آرام حتی الوسع پیش نظر رہے۔ ہمدردی پیدا ہو۔ اگر کوئی سخت گیری کرے تو دیدہ و دانستہ اس سے سخت روی سے پیش نہ آئیں۔ اگر بدلے لئے جائیں تو کینے اور بغض ختم نہیں ہوتے اور انسان تقویٰ سے دور ہو جاتا ہے اور ایمان کے کڑے سے گرفت ڈھیلی ہو جاتی ہے اور اس طرح اپنی دنیا و عاقبت برباد کر لیتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ بعض چھوٹے موٹے گناہ ہوتے ہیں جن میں سے کسی نہ کسی میں اکثر لوگ ملوث

(باقی صفحہ 2 پر)

وقف کی شدید ضرورت ہے کیونکہ آئندہ سو سالوں میں (دین حق) نے جس کثرت سے ہر جگہ پھیلنا ہے اس کے لئے لاکھوں تربیت یافتہ غلام چاہئیں۔
(حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

## امتحان داخلہ جامعہ احمدیہ ربوہ

امسال داخلہ جامعہ احمدیہ ربوہ کا تحریری امتحان مورخہ 11 اگست 2008ء کو ہوگا۔

تمام امیدواران امتحان کیلئے صبح 8:00 بجے وکالت تعلیم تحریک جدید میں پہنچ جائیں۔ جونہی میٹرک رایف اے کا رزلٹ ملے فوری طور پر وکالت تعلیم کو اس کی اطلاع کریں۔ امتحان کے وقت سند/رزلٹ کارڈ سکول/کالج کا سرٹیفکیٹ اصل اور تصدیق شدہ فوٹو کاپی ساتھ لائیں۔

فون نمبر: 047-6211082
فیکس نمبر: 047-6212296

(وکیل التعلیم)

## خالی پلاٹوں کی حفاظت

ربوہ کے ماحول میں مضافاتی محلوں میں جن احباب نے پلاٹس خرید کئے ہوئے ہیں اور ابھی مکان تعمیر نہیں کئے۔ ان کی خدمت میں گزارش ہے کہ وہ اپنے خالی پلاٹوں کی حفاظت کیلئے ان پر باضابطہ قبضہ کی صورت پیدا کریں۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ رجسٹری اور انتقال کے اندراج کے بعد موقع پر نشاندہی حاصل کر کے کم از کم چاردیواری تعمیر کریں۔ بغیر قبضہ آپ کا پلاٹ قطعی غیر محفوظ ہے۔ اکثر کالونیاں زرعی اراضی پر بنائی گئی ہیں اور مشترکہ کھاتہ میں باضابطہ نشاندہی اور قبضہ انتہائی ضروری ہوتا ہے۔ یہ امر فوری لائق توجہ ہے اور اس پر عمل درآمد دراصل آپ کے مفاد کا تقاضا ہے۔ اس سلسلہ میں اگر کوئی دقت درپیش ہو تو صدر مضافاتی کمیٹی دفتر صدر عمومی سے رابطہ فرمائیں۔

(صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

# رحمٰن کی رحمت کے خواہاں

صد شکر کہ ہم اس گلشن میں آرام و سکوں سے رہتے ہیں
صد شکر کہ ہم ان میں سے نہیں جو دشتِ خار میں رہتے ہیں

ہاں ہم نے کیا ہے عہد وفا ہاں ہم ہیں غلامان احمد
یہ کس نے کہا اس رستے میں ہم رسوائی سے ڈرتے ہیں

ہم شاخیں درخت وجود کی ہیں سر پر ہے خلافت کا سایہ
افسوس ہے ان کی حالت پر جو تپتی دھوپ میں جلتے ہیں

ہم بندھ گئے ایسے رشتے میں جو سب رشتوں سے پیارا ہے
دنیا میں جہاں بھی احمدی ہیں سب اپنے اپنے لگتے ہیں

وہ لطف جو ایم ٹی اے میں ہے دنیا کے کسی چینل میں نہیں
اخبار ہے اک الفضل کہ جس میں خیر کی خبریں پڑھتے ہیں

لگتا ہے خدا نے سن لی ہے فریاد جو مضطر نے کی ہے
آقا کو دعا کا خط لکھ کر جب تکیے کے نیچے رکھتے ہیں

ہم جاہل کاہل عاجز ہیں رحمٰن کی رحمت کے خواہاں
کوشش کے خالی خانوں میں ہم آنکھ کا پانی بھرتے ہیں

اب شاہد ہے اک پوری صدی کردار کے غازی لوگوں پر
ہم قول وفعل میں یکساں ہیں جو کہتے ہیں وہ کرتے ہیں

بچوں کو وصیت ہے میری وابستہ خلافت سے رہنا
جو رشتہ شجر سے رکھتے ہیں بس وہ ہی پھولتے پھلتے ہیں

**ا۔ب۔ناصر**

## مجلس انصاراللہ علاقہ فیصل آباد
## کا دورہ سیالکوٹ اور پکنک

صدسالہ خلافت احمدیہ جوبلی پروگراموں کے سلسلہ میں مجلس عاملہ انصاراللہ علاقہ فیصل آباد نے 22 جون کو سیالکوٹ میں حضرت مسیح موعود کے مقدس مقامات کی زیارت کی اور ہیڈ مرالہ پر پکنک منائی۔ جس کے منتظم مکرم عظمت شہزاد صاحب ناظم علاقہ تھے تمام ارکان فیصل آباد سے صبح پونے سات بجے روزانہ ہوئے۔ امیر قافلہ مکرم سید سعادت منیر احمد صاحب مربی ضلع فیصل آباد تھے۔ گوجرانوالہ میں مکرم ملک عبدالاعلیٰ خالد صاحب نے ناشتہ پیش کیا اور پھر نندی پور پاور سٹیشن پہنچے اور معلومات حاصل کیں۔ سیالکوٹ پہنچ کر قافلہ ہیڈ مرالہ پہنچا۔ نہر کے ٹھنڈے پانی اور آموں سے لطف اندوز ہوئے۔

نوجوان ساتھیوں نے دلکش مناظر کی فوٹو گرافی کی۔ اس دوران دلچسپ لطیفے حکایات اور واقعات سنائے گئے۔ چند خوشگوار گھڑیاں ان قدرتی مناظر اور لوگوں کے رش میں گزارنے کے بعد ہمارا قافلہ اصل مقصد کی طرف لوٹ آیا۔ سیالکوٹ کی مرکزی بیت الذکر المعروف 'کبوتراں والی' میں محترم امیر صاحب ضلع خواجہ مظفر احمد صاحب اور مکرم مبشر احمد صاحب مربی ضلع سیالکوٹ و دیگر نے خوش آمدید کیا اور کھانا پیش کیا۔

اس کے بعد مقدس مقامات کی زیارت کا آغاز ہوا۔ حضرت مسیح موعود کی رہائش گاہ، بیت الذکر اور دیگر مقامات دیکھے اور دعائیں کیں اور رات ساڑھے گیارہ بجے قافلہ واپس فیصل آباد پہنچا۔

اس پروگرام میں مجلس عاملہ کے 12 ممبران سمیت 21 افراد شریک ہوئے مربی صاحب ضلع گوجرانوالہ محمد آصف خلیل صاحب، مکرم میر عبدالباسط صاحب نائب ناظر دعوت الی اللہ اور نائب ناظم صاحب ضلع جھنگ نے بھی شرکت کی۔

(ڈاکٹر بشیر حسین تنویر نائب ناظم اشاعت علاقہ فیصل آباد)

## تحریک جدید کی تکمیل کے لئے وصیت

❁ تحریک جدید کی غرض و غایت سیدنا حضرت مصلح موعود نے زمین پر خدا تعالیٰ کی بادشاہت کا قیام بیان فرمائی ہے۔ پس مخلصین جماعت کے ازدیاد ایمان کے لئے حضور کا ایک ارشاد جو وصیت کا رنگ رکھتا ہے۔ پیش خدمت کیا جاتا ہے۔ فرمایا

''میں اللہ تعالیٰ پر اس تحریک کی تکمیل کو چھوڑتا ہوں۔ یہ کام اسی کا ہے اور میں صرف اس کا ایک حقیر خادم ہوں۔ لفظ میرے ہیں لیکن حکم اسی کا ہے۔''

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس ارشاد کو سمجھنے اور مناسب حال قربانیاں پیش کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(وکیل المال اول)

**وصیت** اس آسمانی نظام میں اپنی زندگیوں کو پاک کرنے کے لئے، اپنی نسلوں کی زندگیوں کو پاک کرنے کیلئے شامل ہوں۔
(حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

### (افتتاحی خطاب۔ بقیہ از صفحہ 1)

ہوتے ہیں۔ مثلاً جھوٹ، زنا، شرک، جھوٹی گواہی اور دوسروں کے حق مارنا وغیرہ شامل ہیں۔ جھگڑوں وغیرہ میں جھوٹی گواہی دینے کو حضرت مسیح موعود نے شرک کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔ اس سے پرہیز کرنا چاہئے۔ حضور انور نے فرمایا گزشتہ خطبہ میں میں نے آمدنی کو پاک رکھنے اور ناجائز طریقوں اور حکومت سے جھوٹ بول کر آمد کو چھپانے سے منع کیا تھا خدا کے فضل سے جماعت میں جب نصیحت کی جاتی ہے تو فوری ردعمل ہوتا ہے اور تقویٰ کے ساتھ اس پر عمل کرتے ہیں۔ یہ بھی خدا کی نعمت ہے کہ اس نے ہر دل کا خلافت کے ساتھ ایک تعلق قائم کیا ہوا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ گلہ کرنے کی عادت بھی بری ہے۔ خدا نے ایسا کلمہ زبان پر لانے سے منع کیا ہے جس سے بھائی کو نقصان ہو۔ بخل اور غضب بھی برے کام ہیں۔ بدظنی سے برائیاں پیدا ہوتی ہیں۔ اگر کوئی بات سنی تو اس کو قبول نہ کرو اور دل میں جگہ نہ دو یہی اصل بدظنی کو دور کرنے کا ہے۔ بہت سے انسان اپنی زبان کی وجہ سے پکڑے جاتے ہیں۔ گلہ بھی نہ کریں۔ یہ چغلی اور غیبت بن جاتا ہے۔ اگر اصلاح کرنی ہے تو علیحدگی میں ٹھنڈے دل سے سمجھائیں اور دعائیں کریں۔ بدظنی سے بہت سی برائیاں پیدا ہوتی ہیں اس لئے بدظنی سے بچو۔ بعض لوگ گلہ شکوہ شکایت سے کمزوروں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ یاد رکھیں زمین میں فساد کرنا خدا کو منظور نہیں۔ جو دینی بھائی کو نقصان پہنچاتا ہے۔ وہ وحدت کو نقصان پہنچاتا ہے اور فساد پھیلاتا ہے۔ قرآن میں اوامر و نواہی موجود ہیں ان کا خیال رکھیں۔ یہی تقویٰ کا پہلا مرحلہ ہے۔ اگر ہم یہ کرلیں تو ہم اطاعت کرنے والے ہیں اور یہی لوگ بامراد ہوں گے اور خدا کی نعمت سے فائدہ اٹھانے والے ہوں گے۔

حضور انور نے فرمایا ہر احمدی یہ عہد کرے کہ تقویٰ اختیار کرنا ہے۔ خلافت سے تعلق کو مضبوط بنانا ہے۔ پیار، محبت اور بھائی چارے کی فضا قائم کرنی ہے بدظنیوں سے بچنا ہے تا وحدت پیدا ہو۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ ہر احمدی کا دل تقویٰ سے بھر جائے۔ کوئی بھی کسی کمزوری کی وجہ سے لڑی سے باہر نکلنے والا نہ ہو۔ اللہ کی حمایت اور نصرت انہی کو ملتی ہے جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں۔ اس لئے ہر احمدی ان جلسہ کے دنوں میں اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرنے والا ہو۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق دے۔

خطاب کے بعد حضور انور نے دعا کروائی اور افتتاحی تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

# 2007ء میں علمی وادبی اور ورزشی اعزازات حاصل کرنے والے احمدی

## ہزاروں میں سے چند ایک کا ذکر جو روزنامہ الفضل میں شائع ہوا

مکرم قریشی محمد کریم صاحب

1906ء میں حضرت مسیح موعود نے وحی الٰہی کی بناء پر یہ پیشگوئی فرمائی:-

''خدا تعالیٰ نے مجھے بار بار خبر دی ہے کہ وہ مجھے بہت عظمت دے گا اور میری محبت دلوں میں بٹھائے گا اور میرے سلسلہ کو تمام زمین میں پھیلائے گا اور سب فرقوں پر میرے فرقہ کو غالب کرے گا اور میرے فرقہ کے لوگ اس قدر علم و معرفت میں کمال حاصل کریں گے کہ وہ اپنی سچائی کے نور اور اپنے دلائل اور نشانوں کے رو سے سب کا منہ بند کر دیں گے اور ہر ایک قوم اس چشمہ سے پانی پئے گی اور یہ سلسلہ زور سے بڑھے گا اور پھولے گا یہاں تک کہ زمین پر محیط ہو جاوے گا۔ بہت سی روکیں پیدا ہوں گی اور ابتلاء آئیں گے۔ مگر خدا سب کو درمیان سے اٹھا دے گا اور اپنے وعدہ کو پورا کرے گا...... سوا اے سننے والو! ان باتوں کو یاد رکھو اور ان پیش خبریوں کو اپنے صندوقوں میں محفوظ رکھ لو کہ یہ خدا کا کلام ہے جو ایک دن پورا ہوگا''۔ (تذکرہ ص 517)

خاکسار نے روزنامہ الفضل 2007ء میں شائع شدہ ان انعامات و اعزازت کو یکجا کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان انعامات کی مختصر فہرست پیش خدمت ہے۔ اللہ تعالیٰ یہ کاوش قبول فرمائے۔

## انعام یافتگان کی فہرست

| روزنامہ الفضل 2007ء | نام انعام یافتگان | تفصیل |
|---|---|---|
| 12 جنوری | ابراہیم احمد ابن مکرم وسیم احمد شاہد صاحب | آرمی پبلک سکولز اور کالجز کے مقابلہ مضمون نویسی میں O'Level-I میں اول پوزیشن اور انعام حاصل کیا۔ |
| | عزیزم شابل احمد ولد مکرم رفعت احمد صاحب | پنجاب سپورٹس بورڈ کی طرف سے کھیلتے ہوئے بین الصوبائی بیڈمنٹن چیمپیئن شپ انڈر 17 میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اس سے قبل انٹر ڈسٹرکٹ پنجاب چیمپیئن شپ میں مجموعی طور پر تیسری پوزیشن حاصل کی تھی۔ |
| 13 جنوری | محمد فائز گورایہ ولد مکرم محمد خالد گورایہ صاحب<br>سید ولید احمد ولد مکرم سید اعجاز احمد صاحب<br>راشد احمد خان ولد مکرم ڈاکٹر عامر احمد خان صاحب<br>زریاب محمود ولد مکرم محمود احمد گوندل صاحب | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے تحت ہونے والے انٹر ڈسٹرکٹ سکولز لان ٹینس چیمپیئن شپ اور سکواش ٹورنامنٹ میں نصرت جہاں اکیڈمی نے چوتھی اور تیسری پوزیشن حاصل کی۔ |
| 18 جنوری | مکرمہ وجیہہ طاہر صاحبہ | آکسفورڈ یونیورسٹی یوکے سے ایم ایس سی کے امتحان 2006ء میں Distinction حاصل کی ہے۔ |
| 9 فروری | مکرم محمد اسلم قمر صاحب | بیچلر آف ٹیکنالوجی مکینیکل کے فائنل امتحان میں 919/1100 نمبر لے کر یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور میں اول پوزیشن اور مجموعی طور پر یونیورسٹی میں دوم پوزیشن حاصل کی ہے۔ چار میجر مضامین میں 85 فیصد نمبر حاصل کر کے Distinction حاصل کی ہے۔ |
| 21 فروری | شابل احمد ولد مکرم رفعت احمد صاحب<br>مبین احمد ولد مکرم محمد حسین شاہد صاحب<br>حافظ زبیر احمد ولد مکرم منیر احمد علوی صاحب | پنجاب سپورٹس بورڈ کے تحت فیصل آباد میں منعقد کل پنجاب انڈر 17 بیڈمنٹن مقابلہ جات میں ضلع جھنگ کی ٹیم نے شرکت کی اور پنجاب بھر میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ |
| 3 مارچ | عزیزہ صالحہ محمود | لجنہ پاکستان کے تحت منعقدہ سالانہ کھیلوں میں 400 میٹر ریلے ریس میں اول قرار پائی ہیں۔ وقف نو میں شامل ہیں۔ |
| 9 مارچ | عزیزہ فتیحہ احسان<br>عزیزہ امۃ الحبیب<br>عزیزہ عالیہ سوسن | او۔لیول کے امتحان میں لاہور ریجن میں اردو کے Top Achievers میں نام شامل ہوئے اور برٹش کونسل کی طرف سے انعامات اور اسناد سے نوازا گیا۔ |
| | ادیبہ مظہر بنت مکرم مظہر اقبال صاحب | کلاس 9th کی طالبہ نے بورڈ لیول پر ہونے والے انگلش تقریری مقابلہ میں سیکنڈ پوزیشن حاصل کی۔ |
| 10 مارچ | میر نصر احمد ابن مکرم میر حبیب احمد صاحب | یونیورسٹی آف لندن سے ایل ایل بی میں سیکنڈ کلاس آنرز حاصل کیا ہے اور برٹش کونسل کے مقابلہ میں High Achiever at the Brilliance in Pakistan کا اعزاز حاصل کیا ہے۔ |
| 15 مارچ | عزیزم لبید رضا ولد مکرم وحید احمد جنجوعہ صاحب<br>عزیزم ولید داؤد ولد مکرم محمد داؤد ناصر صاحب<br>عزیزم فواد منیر ولد مکرم منیر احمد بسمل صاحب<br>عزیزم منان احمد جاوید ولد مکرم صوفی جاوید اقبال صاحب<br>عزیزم ناصر احمد جاوید ولد مکرم صوفی جاوید اقبال صاحب<br>عزیزم ضیغم ہاشمی ولد مکرم محمد اکرم ہاشمی صاحب | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے تحت ہونے والے انٹر کالجیٹ سوئمنگ چیمپیئن شپ 07-2006ء میں نصرت جہاں انٹر کالج نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ نیز یہ کھلاڑی پاکستان سپورٹس بورڈ کمیٹی کے تحت ہونے والے انٹر بورڈ سوئمنگ چیمپیئن شپ کراچی میں فیصل آباد بورڈ کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ |
| 24 مارچ | عزیزہ امۃ النصیر رباء | سالانہ گیمز و مقابلہ جات آل پنجاب گورنمنٹ گرلز ہائی سکول گٹی چک نمبر 202 گ ب فیصل آباد میں ضلع جھنگ کی نمائندگی کرتے ہوئے ہائی جمپ میں سیکنڈ پوزیشن حاصل کی ہے۔ |
| 18 /اپریل | مہشان جاوید | ایروناٹیکل کالج رسالپور سے ایئر سپیس انجینئرنگ میں اعلیٰ کارکردگی دکھاتے ہوئے بی ایس سی انجینئرنگ کی ڈگری حاصل کی ہے اور پراجیکٹ بہترین قرار پایا ہے جس کی وجہ سے اسے ریکٹر NUST کی طرف سے گولڈ میڈل دیا گیا۔ |
| 19 /اپریل | نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ | نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ کو علمی وادبی مقابلہ جات میں ضلع جھنگ میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر چیمپیئن شپ ٹرافی دی گئی۔ ڈسٹرکٹ مقابلہ جات میں لان ٹینس، سکواش، ٹیبل ٹینس اور باسکٹ بال کے مقابلہ جات میں انعامات وصول کئے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 10 مئی | عزیزہ ھبۃ النور بنت مکرم امتیاز علی قریشی صاحب لاہور | پاکستان ٹیلی ویژن کے پروگرام بزم طارق عزیز مورخہ 10 نومبر 2006ء کو بیت بازی کے فائنل پروگرام میں اول پوزیشن حاصل کی۔ ان کو انعام کے ساتھ سرٹیفکیٹ بھی ملا۔ |
| 25 مئی | مکرم اطہر اکرم چٹھہ صاحب ابن مکرم چوہدری محمد اکرم چٹھہ صاحب کراچی | IBP کے مقابلہ ریسرچ پیپر بعنوان Opportunities and Challenges of Electronic Bankings میں اول پوزیشن حاصل کر کے گولڈ میڈل اور ایک لاکھ دس ہزار روپے گورنر سٹیٹ بینک آف پاکستان مسز شمشاد اختر صاحبہ سے وصول کئے۔ |
| یکم جون | فرخ شہزاد<br>زریاب احمد<br>احمد کمال<br>حمزہ احمد<br>مجتبیٰ احمد<br>ولید داؤد | پنجاب انٹر ڈسٹرکٹ سوئمنگ چیمپئن شپ انڈر 17 مورخہ 16,15 مئی 2007ء کو مینار پاکستان سپورٹس کمپلیکس لاہور میں منعقد ہوئی۔ نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ نے ڈسٹرکٹ جھنگ کی طرف سے پنجاب کے 35 اضلاع میں سے مجموعی طور پر 50 پوائنٹس کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ |
| 5 جون | مکرم ڈاکٹر لئیق احمد طاہر صاحب | ڈائریکٹر آف میڈیکل ایجوکیشن کی اہم ذمہ داری سونپی گئی۔ آپ نے چار سال کے مختصر عرصہ میں سات پُروقار اور عزت افزا اعزازات حاصل کئے۔ |
| 8 جون | مکرم ملک طاہر احمد صاحب | 12 مئی 2007ء کو چٹ یونیورسٹی Wichits State یو ایس اے سے الیکٹریکل انجینئرنگ کا فائنل امتحان Remote Monitoring Plan of Unmanned Oil Wells کے State of Kansas پروجیکٹ میں کی تمام یونیورسٹیوں کے مقابلہ میں اول قرار پائے اور یونیورسٹی کی طرف سے مبلغ دس ہزار ڈالر انعام Kansas سٹیٹ کے گورنر کے نمائندہ نے دیا۔ یہ انعام آج تک یونیورسٹی کی طرف سے سب سے بڑا انعام ہے۔ |
| 15 جون | مکرمہ وجیہہ افضل صاحبہ | یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور سے ایم ایس سی کیمسٹری سیشن 2004-06 میں اول پوزیشن حاصل کی اور کنووکیشن منعقدہ 15 مارچ 2007ء کو صدر پاکستان جنرل پرویز مشرف سے گولڈ میڈل حاصل کیا۔ |
| 21 جون | عزیزم عبدالسلام | LUMS لاہور میں ہونے والی آل پاکستان کشتی رانی (مشین) Under-10 کے مقابلہ 1x500m کے مقابلہ میں پاکستان بھر میں اول پوزیشن حاصل کی۔ |
| | ماسٹر عبدالقدوس | اوپر دیئے ہوئے مقابلہ میں Master-3 میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ |
| 23 جون | مکرمہ ندرت بشریٰ صاحبہ | ایم ایس سی میتھ میٹکس 2006ء کے فائنل میں 915/1000 نمبر حاصل کر کے جناح یونیورسٹی فار ویمن کراچی میں پہلی پوزیشن حاصل کی اور وائس چانسلر نے انہیں مولوی ریاض الدین احمد میموریل شیلڈ اور گولڈ میڈل سے نوازا۔ |
| | مکرمہ راحت بشریٰ صاحبہ | اسی یونیورسٹی کی طرف سے فائنل امتحان میں 859/1000 لے کر دوسری پوزیشن حاصل کی۔ گزشتہ سال بھی دونوں نے پہلی اور دوسری پوزیشن حاصل کی تھی۔ |
| 9 جولائی | حافظہ خولہ حمید | سالانہ مرکزی تربیتی کلاس لجنہ اماء اللہ پاکستان میں 299.5/300 اور زبانی امتحان میں 50/50 نمبر حاصل کر کے اول پوزیشن حاصل کی۔ |
| 14 جولائی | فرخ شہزاد | متعلم کلاس دہم نصرت جہاں اکیڈمی (اردو میڈیم) نے قیوم سٹیڈیم پشاور میں انڈر 16 مقابلے سوئمنگ گواٹر گولڈ کپ پشاور میں چار مقابلوں میں پہلی اور سات مقابلوں میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ اس طرح چار گولڈ میڈل اور سات سلور میڈل دیئے گئے۔ |
| 30 جولائی | ضوفشاں سنبل<br>تہمینہ کنول | دونوں بہنوں نے سالانہ مرکزی تربیتی کلاس لجنہ اماء اللہ پاکستان میں بالترتیب 298.5/300 اور 293.5/300 حاصل کر کے پاکستان بھر میں دوم اور دہم پوزیشن حاصل کی۔ |
| 15/اگست | مکرم عامر محمود صاحب کابلوں | ساؤتھ کازک سٹیٹ یونیورسٹی قازقستان سے ایکسیلنٹ گریڈ میں ایم ایس سی کیمیکل انجینئرنگ کے بعد سپین کی ایک اور یونیورسٹی Universidad Politecnica de Madrid سے ریسرچ کے بعد Excellent with Honors کے ساتھ پی ایچ ڈی کرنے کی توفیق پائی۔ آپ کو یونیورسٹی کے چانسلر نے ڈاکٹریٹ کی رنگ پہنائی۔ |
| 17/اگست | سلمان احمد | ٹیبل ٹینس میں نمایاں اعزازات حاصل کئے۔ گزشتہ سال انڈر 15 میں پاکستان کا چیمپئن بننے کے بعد انڈر 15 قومی ٹیم میں بطور کیپٹن شامل ہونے کا اعزاز حاصل ہوا۔ 2006ء میں انڈر 18 کی قومی ٹیم میں شامل ہو کر الجزائر میں ورلڈ رینکنگ ٹیبل ٹینس ٹورنامنٹ میں شامل ہوا۔ امسال فروری میں ایران میں منعقدہ الفجر اوپن ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ میں قومی ٹیم میں انڈر 18 میں شامل ہو کر کھیلنے کا موقع ملا۔ جولائی 2007ء کے آخر میں پاکستان کی انڈر 15 ٹیبل ٹینس ٹیم میں بطور کیپٹن جنوبی کوریا میں شرکت کی۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 18/اگست | مکرم ڈاکٹر طاہر مسعود صاحب | نیشنل کونسل فار ہومیو پیتھک گورنمنٹ آف پاکستان اسلام آباد نے Best Award for Live Achievement سے ایک تقریب میں نوازا۔ |
| 20/اگست | بشارت احمد باجوہ | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ سیکنڈری ایجوکیشن (میٹرک) گوجرانوالہ نے 801/850 نمبر لے کر سائنس گروپ میں تیسری پوزیشن حاصل کی ہے اور بیکن ہاؤس سکول سسٹم کا ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے۔ یکم اگست کو بورڈ کے تمام اعلیٰ افسران اور ناظمین کی موجودگی میں وزیرتعلیم پنجاب سے دس ہزار روپے نقد انعام، میڈل اور سرٹیفکیٹس حاصل کئے۔ |
| 23/اگست | فرحان رفیق | فیصل آباد بورڈ میں جنرل سائنس بوائز میں 860/1100 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ |
| 24/اگست | شکیل احمد تابش | فیصل آباد بورڈ کے تحت پری میڈیکل گروپ میں 958 نمبر لے کر اول پوزیشن حاصل کی۔ |
| | علی احسن باجوہ | فیصل آباد بورڈ میں پری میڈیکل کے گروپ میں 931 نمبر لے کر دوئم پوزیشن حاصل کی۔ |
| | صہیب احمد بشارت | فیصل آباد بورڈ میں پری میڈیکل گروپ میں 923 نمبر لے کر سوئم قرار پائے۔ |
| | امیر محمد قیصرانی | پری انجینئرنگ گروپ میں 935 نمبر لے کر اول پوزیشن حاصل کی ہے۔ |
| | امیر محمد قیصرانی، ولید احمد قریشی | پری انجینئرنگ 897 نمبر لے کر دوئم، |
| | محمد اسد اللہ | پری انجینئرنگ 887 نمبر لے کر سوئم قرار پائے۔ |
| | محمد مزمل سبطین | |
| | عزیزم محمود الحسن خان | جنرل سائنس گروپ میں 755 نمبر لے کر دوئم |
| | طاہر عمران | 742 نمبر لے کر سوئم قرار پائے۔ |
| 25/اگست | عزیزم اکبر علی | او۔لیول کے امتحان میں 5A's، 3B's اور 1C کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی۔ |
| | سید قاصد احمد صالح | 4A's، 2B's اور 2C's کے ساتھ دوسری پوزیشن۔ |
| | محمد اسد عمیر | 4A's، 2B's، 4C اور 1D کے ساتھ تیسری پوزیشن۔ |
| 11 ستمبر | سلمیٰ احمد | او۔ لیول کے امتحان بزنس گروپ بیکن ہاؤس فیصل آباد سے 6A's اور 2B's گریڈ حاصل کئے ہیں۔ |
| 15 ستمبر | مکرمہ انعم اعجاز صاحبہ | او۔لیول کے امتحان منعقدہ کراچی میں 9A's حاصل کر کے نمایاں پوزیشن حاصل کی ہے۔ |
| | مکرمہ فخر جبیں احمد صاحبہ | لاہور گرائمر سکول سے اولیول کے امتحان میں 8A's اور 1B کے ساتھ نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ |
| 21 ستمبر | مکرم محمد رضوان احمد صاحب | او۔لیول کے امتحان میں ٹاؤن شپ لاہور سے 8A's حاصل کئے ہیں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 22 ستمبر | عزیزم فرخ شہزاد<br>عزیزم جری اللہ<br>عزیزم طاہر احمد | پاکستان سوئمنگ فیڈریشن کے تعاون سے دوسری آل پاکستان انٹرسکولز چیمپئن شپ 2007ء زیراہتمام پنجاب سوئمنگ ایسوسی ایشن ماڈل ٹاؤن لاہور میں تیسری پوزیشن 67 پوائنٹس کے ساتھ حاصل کی اور ٹرافی سے نوازا گیا۔ |
| 24 ستمبر | عزیزم محمد اسد عمیر | Edexcel GCE O'Level 2007ء میں برٹش کونسل کی طرف سے شائع ہونے والی فہرست میں بیالوجی کے مضمون میں Top Achievers حاصل کیا۔ |
| 2/اکتوبر | ذیشان جمال سوری | او لیول کا امتحان کیمبرج ہائی سکول ابوظہبی سے 4 مضامین میں A+ اور بقایا میں A حاصل کیا ہے۔ |
| 3/اکتوبر | سعد ایوب جان پشاور | اولیول کے امتحان میں 7A's حاصل کئے۔ |
| 4/اکتوبر | نمرہ احمد | A'Level حصہ اول کے امتحان منعقدہ جون 2007ء چکلالہ میں تین مضامین میں 96 فیصد اور ایک مضمون میں 99 فیصد نمبر حاصل کر کے 4A's کے ساتھ یونیورسٹی آف کیمبرج کے تحت نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ |
| 6/اکتوبر | مکرمہ انعم ظفر صاحبہ | ایف ایس سی پری انجینئرنگ گروپ میں 970/1100 نمبر حاصل کر کے نمایاں پوزیشن حاصل کی۔ |
| 10/اکتوبر | زارا خان | لاہور گرائمر سکول سے A لیول کے امتحان میں 3A اور 3B لے کر نمایاں پوزیشن حاصل کی ہے اور پاکستان بھر کے سخت مقابلہ کے بعد Full Bright Greenvill University USA میں Select ہو گئی ہیں۔ |
| 17/اکتوبر | مکرمہ بشریٰ سیف صاحبہ | ایف ایس سی میڈیکل گروپ میں 940/1100 نمبر حاصل کر کے گورنمنٹ کالج برائے خواتین خانیوال شہر میں اول اور مجموعی طور پر ضلع خانیوال میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ |
| 24/اکتوبر | مکرم ڈاکٹر لئیق احمد طاہر صاحب | ایم بی بی ایس، ایم ڈی، ایف آر سی پی سی کو یونیورسٹی آف ویسٹرن اونٹاریو لندن کینیڈا کی طرف سے یونیورسٹی سٹوڈنٹ کونسل ٹیچنگ آف رول ایوارڈ آف ایکسیلینس ان ٹیچنگ میڈیسن سے نوازا گیا۔ |
| 29/اکتوبر | نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے شیڈیول کے مطابق ڈسٹرکٹ ہیڈ ماسٹر ایسوسی ایشن جھنگ کے تحت انٹر سکولز سکواش چیمپئن شپ میں نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ نے ضلع بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 7 نومبر | نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے شیڈیول کے مطابق زونل سپورٹس مقابلہ جات میں کامیابی حاصل کی۔ باسکٹ بال اول۔ بیڈمنٹن سنگل اول۔ ٹیبل ٹینس سنگل اول۔ ہینڈ بال اول۔ ٹینس اول۔ بیڈمنٹن ڈبل اول۔ ٹیبل ٹینس ڈبل اول۔ فٹ بال دوم۔ ہاکی دوم |
| 7 نومبر | ادیبہ مظہر<br>نرمین مریم<br>حنا ارشد<br>صعالبیہ شاہین | گرلز سکول نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ نے علمی و ادبی مقابلہ جات کے لئے ڈسٹرکٹ لیول پر پوزیشن حاصل کیں۔ علی الترتیب پوزیشن درج ذیل ہیں۔ انگریزی تقریر اول۔ اردو مباحثہ دوم۔ اردو مباحثہ سوم۔ فی البدیہہ اردو تقریر اول۔ |
| 12 نومبر | نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ<br><br><br>حافظ ظفر احمد<br>نبیل احمد<br>نوید احمد<br><br>اشعث احمد فراز<br>عطاء المحسن<br>نزاکت احمد<br><br>حافظ حماد احمد | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے زیر اہتمام تحصیل لیول پر درج ذیل پوزیشنز حاصل کیں۔<br>اول: اردو مباحثہ (حق میں) کلاس نہم<br>دوم: اردو مباحثہ (مخالفت میں) کلاس دہم<br>اول: 1۔ انگریزی تقریر کلاس دہم<br>دوم: 2۔ فی البدیہہ تقریر<br>اول: پنجابی ٹاکرہ (مخالفت میں) کلاس ہفتم<br>اول: بیت بازی کلاس نہم<br>دوم: 1۔ سیرت النبیؐ کوئز کلاس دہم<br>سوم: 2۔ جنرل کوئز<br>دوم: اقبالیات کلاس نہم |
| 14 نومبر | مکرمہ ثمارا کامران صاحب | گورنمنٹ جامعہ نصرت فار ویمن میں 913/1100 نمبر حاصل کر کے پری انجینئرنگ میں اپنے کالج میں اول رہیں اور نیشنل ٹیسٹنگ سروس پاکستان میں NAT(IE) میں 99.79 فیصد کے ساتھ سرفہرست رہیں۔ |
| 14 نومبر | نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشنل فیصل آباد کے شیڈیول کے مطابق انٹر زونل سالانہ ورزشی مقابلہ جات میں درج ذیل پوزیشن حاصل کیں۔ ہینڈ بال اول۔ ٹینس بال اول۔ سکواش اول۔ باسکٹ بال دوم۔ |
| 23 نومبر | محمد فائز گورایہ<br>مباہل فائز احمد<br>عطاء الرافع | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے زیر اہتمام 10 نومبر 2007ء کو ''کریسنٹ سپورٹس سنٹر'' فیصل آباد میں سکواش کا سالانہ انٹر کالجز ٹورنامنٹ منعقد ہوا۔ اس ٹورنامنٹ میں ان طلباء نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ |
| 6 دسمبر | نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ<br><br><br><br><br>حافظ حماد احمد<br>نزاکت احمد<br>نزاکت احمد<br>نادی احمد صدیقی<br>نوید احمد | نصرت جہاں اکیڈمی کے طلباء نے تحصیل لیول پر ہونے والے علمی و ادبی مقابلہ جات میں نمایاں پوزیشن حاصل کی۔ اس کے بعد ضلع لیول پر درج ذیل پوزیشن حاصل کی۔<br>اقبالیات۔ اول<br>سیرت کوئز۔ دوئم<br>جنرل کوئز۔ سوئم<br>اردو مباحثہ (حق میں) سوئم<br>انگریزی تقریر۔ سوئم |
| 8 دسمبر | نصرت جہاں انٹر کالج | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے شیڈیول کے مطابق انٹر کالجیٹ باسکٹ بال چیمپئن شپ فیصل آباد میں منعقد ہوئی۔ جس میں کالج ہذا کی ٹیم نے فیصل آباد کے تمام کالجز میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ |
| 15 دسمبر | حافظہ فائزہ عصمت | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے علمی و ادبی مقابلہ جات میں مقابلہ مضمون نویسی بعنوان ''جابر بن حیان'' میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اس سے قبل ضلعی سطح پر دوم پوزیشن حاصل کی تھی۔ |
| 19 دسمبر | قاصد احمد<br>محمد فائز گورایہ<br>طاہر رضوان | سالانہ انٹر کالجیٹ چیمپئن شپ منعقدہ جڑانوالہ میں ٹیبل ٹینس میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ |

## میاں محمد صدیق بانی انعامی سکالرشپ (میٹرک)

میٹرک کے امتحانات میں پاکستان بھر میں احمدیوں میں اول آنے والے طلباء، طالبات کو دیا جاتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 5 جنوری 2008ء | ثناء مبشرہ بنت مکرم محمد اعجاز صاحب<br>عتیقہ سحر بنت مکرم ناصر احمد صاحب چوہان | سائنس گروپ فیصل آباد بورڈ 810 نمبر<br>جنرل گروپ فیصل آباد بورڈ 730 نمبر |

## میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل و انعامی سکالرشپ (انٹرمیڈیٹ)

انٹرمیڈیٹ کے امتحانات میں پاکستان بھر میں احمدیوں میں اول آنے والے طلباء، طالبات کو دیا جاتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 5 جنوری 2008ء | انعم ظفر بنت مکرم ظفر ملک صاحب<br>زائرہ عباس بنت مکرم چوہدری عباس احمد صاحب<br>عمیر آصف ابن مکرم محمد آصف صاحب | پری انجینئرنگ لاہور بورڈ 970 نمبر<br>پری میڈیکل ملتان بورڈ 998 نمبر<br>جنرل گروپ ملتان بورڈ میں اول 945 نمبر |

## صادقہ فضل سکالرشپ (انٹرمیڈیٹ)

پری انجینئرنگ و پری میڈیکل انٹرمیڈیٹ کے امتحانات میں پاکستان بھر میں احمدیوں میں دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کو دیا جاتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 5 جنوری 2008ء | ماہم مصطفی بنت مکرم محمد مصطفی کمال صاحب<br>امیر محمد قیصرانی ابن مکرم فرحت الحسنین قیصرانی صاحب<br>طاہرہ سعید بنت مکرم طارق سعید صاحب<br>صبغۃ النور بنت مکرم وزیر احمد صاحب<br>شبرہ سرمد بنت مکرم سرمد سہیل صاحب | پری انجینئرنگ کراچی بورڈ۔ 946 نمبر<br>پری انجینئرنگ فیصل آباد بورڈ۔ 935 نمبر<br>پری میڈیکل ملتان بورڈ۔ 984 نمبر<br>پری میڈیکل ڈیرہ غازیخان بورڈ۔ 974 نمبر<br>سرگودھا بورڈ جنرل گروپ۔ 917 نمبر |

## خورشید عطاء سکالرشپ (انٹرمیڈیٹ)

پری انجینئرنگ و پری میڈیکل میں پاکستان بھر میں احمدیوں میں چوتھی پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کو دیا جاتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 5 جنوری 2008ء | ولید احمد قریشی ابن مکرم قیصر محمود قریشی صاحب<br>ثوبیہ عارف بنت مکرم قریشی محمد عارف صاحب<br>علی حمزہ ابن مکرم منور احمد مجوکہ صاحب<br>جواد احمد ابن مکرم مبارک احمد صاحب | پری انجینئرنگ فیصل آباد بورڈ۔ 935 نمبر<br>پری میڈیکل لاہور بورڈ۔ 967 نمبر<br>جنرل گروپ لاہور بورڈ۔ 914 نمبر<br>جنرل گروپ فیصل آباد بورڈ۔ 876 نمبر |

# اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## پانچویں فضل عمر تعلیم القرآن کلاس

(منعقدہ یکم جولائی تا 15 جولائی 2008ء)

محض اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے نظارت تعلیم القرآن کے زیر انتظام مورخہ یکم تا 15 جولائی 2008ء فضل عمر تعلیم القرآن کلاس کا انعقاد ہوا۔ اس کلاس میں ملک بھر کے احمدی طلباء و طالبات محض للہ دینی اغراض کیلئے علم دین سیکھنے مرکز سلسلہ میں تشریف لائے۔ اس کلاس کی افتتاحی تقریب مورخہ یکم جولائی 2008ء کو منعقد ہوئی جس میں محترم مولانا سلطان محمود انور صاحب نے اس کلاس کا افتتاح فرمایا۔

امسال خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے 38 اضلاع بشمول ربوہ کے 501 طلباء و طالبات اس کلاس میں شرکت کیلئے تشریف لائے جب کہ گزشتہ سال 35 اضلاع بشمول ربوہ کے 434 طلباء نے اس کلاس میں شرکت کی تھی کلاس کا ٹارگٹ امسال بھی 500 تھا۔

تدریس کے جملہ انتظامات نظارت اصلاح و ارشاد مرکزیہ کے سپرد تھے۔ نصاب میں قرآن کریم مع صحت تلفظ و باترجمہ، منتخب احادیث، عربی قواعد اور کلام کے مضامین رکھے گئے تھے اور ایک پیریڈ سوال و جواب اور علمی تقاریر کیلئے بھی مخصوص تھا۔ اسی طرح حفظ قرآن، حفظ حدیث، حفظ اشعار اور حفظ ادعیہ کا حصہ بھی شامل تھا نیز تدریسی نصاب کے علاوہ ذاتی مطالعہ کیلئے دو کتب ''رسالہ الوصیت'' اور ''برکات خلافت'' رکھی گئی تھیں۔

طلباء و طالبات کی تدریس کے علاوہ کھیلوں کا انتظام بھی کیا گیا تھا۔ طلباء کیلئے والی بال، ٹیبل ٹینس اور بیڈمنٹن نیز کرکٹ وفٹ بال کھیلنے کی سہولت میسر تھی۔ طالبات نے اس وقت کو زیارت مرکز، شام کی کلاسز اور دیگر مصروفیات میں گزارا۔

13 جولائی کو جملہ طلباء و طالبات کا تحریری امتحان لیا گیا اور 14 جولائی کو زبانی امتحان لیا گیا جس میں نمایاں پوزیشنز حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کو انعامات دیے گئے۔ مورخہ 15 جولائی 2008ء کو اختتامی تقریب منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی محترم ملک خالد مسعود صاحب قائم مقام ناظر اعلیٰ و امیر مقامی تھے۔

محترم مہمان خصوصی نے پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء میں انعامات تقسیم کئے اور اپنے خطاب میں حصول علوم قرآن کے حوالے سے طلباء کو نصائح کیں۔ دعا کے ساتھ اس کلاس کا اختتام ہوا۔ کلاس میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کے نام حسب ذیل ہیں:۔

**طلباء** اول: مکرم ناصر محمود صاحب گوئیکی ضلع گجرات 285/300

دوم: مکرم جمیل احمد صاحب ربوہ 281

سوم: مکرم فیض احمد فیض صاحب ڈرگ کالونی کراچی 248

**طالبات** اول: مکرمہ رفعت اسلام صاحبہ ربوہ 295/300

دوم: مکرمہ حافظہ لبنیٰ شہزادی صاحبہ ربوہ 292

سوم: مکرمہ فائزہ لطیف صاحبہ نارووال 290

## سانحہ ارتحال

مکرم عدیل منظر صاحب مرغزار پکیو کالونی لاہور تحریر کرتے ہیں۔

میری والدہ محترمہ احمدی بیگم صاحبہ اہلیہ محترم سید محمد مصطفیٰ صاحب مرحوم لاہور مورخہ 16 جولائی 2008ء کو بوجہ ہارٹ اٹیک بقضائے الٰہی وفات پا گئی ہیں۔ بوقت وفات والدہ محترمہ کی عمر 77 سال تھی۔ مرحومہ خدا کے فضل سے موصیہ تھیں۔ اگلے دن ان کی میت ربوہ لائی گئی اور بعد نماز ظہر بیت المبارک ربوہ میں مکرم مرزا محمد الدین ناز صاحب استاد جامعہ احمدیہ ربوہ نے نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ میں بعد از تدفین دعا بھی محترم ناز صاحب نے ہی کروائی۔ والدہ محترمہ نے پسماندگان میں 6 بیٹے اور ایک بیٹی نیز متعدد پوتے پوتیاں اور نواسے نواسیاں اپنی یادگار چھوڑی ہیں۔ خاکسار کے علاوہ مکرم پرویز مصطفےٰ صاحب لاہور، مکرم جاوید مصطفےٰ صاحب لاہور مکرم سرور مصطفےٰ صاحب آسٹریلیا، مکرم ظفر مصطفےٰ صاحب آسٹریلیا مکرم ثاقب مصطفیٰ صاحب لاہور اور مکرمہ قدسیہ راشد صاحبہ کینیڈا اپنی یادگار چھوڑی ہیں۔ والدہ محترمہ بے شمار خوبیوں کی مالک تھیں۔ جماعت اور خلیفہ وقت سے گہرا لگاؤ تھا غریب پرور اور دینی شعائر کا خیال رکھنے والی نیک خاتون تھیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ والدہ محترمہ کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور ان کے درجات بلند فرمائے اور ان کی خوبیاں ان کی اولاد میں جاری رکھے۔ آمین

## درخواست دعا

مکرم حکیم ممتاز احمد صاحب کھر پہ ضلع سیالکوٹ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کافی عرصہ سے بیمار ہے اور کافی کمزوری ہوگئی ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ مجھے خدا تعالیٰ اپنے فضل سے صحت والی عمر دے۔ آمین

مکرم غلام سرور صاحب صدر محلّہ

## طاہر آباد شرقی ربوہ کے خلافت جوبلی پروگرام

محض خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ طاہر آباد شرقی ربوہ نے مورخہ 9 تا 31 مئی 2008ء خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے سلسلہ میں کئی پروگرام ترتیب دیئے۔ جو سب کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئے۔

☆ 9 مئی 2008ء کو نماز فجر کے بعد اجتماعی دعا سے ان پروگرامز کا آغاز کیا گیا اور اس دعا کے بعد تمام اہل محلّہ نے وقار عمل کیا اور گلیوں، بیت الذکر اور راستوں کی صفائی کی گئی۔

☆ 10 تا 12 مئی کو انصار، خدام، اطفال، لجنات اور ناصرات کے الگ الگ علمی مقابلہ جات منعقد کئے گئے۔

☆ 13 مئی کو مجلس سوال وجواب منعقد کی گئی۔

☆ 14 مئی کو اجلاس عام کیا گیا اور خلافت کی اہمیت کے موضوع پر تقاریر ہوئیں۔

☆ 15 مئی بعد نماز عشاء انصار، خدام اور اطفال کا کلوا جمیعًا کا پروگرام ہوا۔

☆ 16 مئی کو نماز فجر کے بعد سیر کا پروگرام رکھا گیا۔ انصار، خدام و اطفال نے اس میں شرکت کی اور بعد میں مضامین بھی لکھے۔

☆ 21 مئی کو دوران سال قرآن کریم ناظرہ مکمل کرنے والے 9 بچوں اور بچیوں کی تقریب آمین منعقد کی گئی اور بعد میں شیرینی تقسیم کی گئی۔

☆ 22 مئی کو وقف نو ڈے منایا گیا۔

☆ 24 مئی کو نفلی روزہ رکھا گیا۔

☆ 25 تا 27 مئی روزانہ باجماعت نماز تہجد کا اہتمام کیا گیا۔

☆ 27 مئی کو بکرے کی قربانی دی گئی اور سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب تمام اہل محلّہ نے بیت الذکر میں اجتماعی انتظام کے تحت سنا اس موقع پر مشروبات اور مٹھائی سے سب حاضرین کی تواضع کی گئی۔

☆ 28 مئی کو تمام گھروں میں دیئے جلا کر چراغاں کیا گیا۔

☆ 30 مئی کو جلسہ یوم خلافت منعقد کیا گیا۔ تلاوت ونظم کے تمام پروگرام کی رپورٹ پیش کی گئی اور ان پروگراموں میں کامیابی حاصل کرنے والوں میں انعامات تقسیم کئے گئے اس کے بعد دو تقاریر ہوئیں اور آخر پر مکرم محمد رئیس طاہر صاحب مربی سلسلہ نے خلفاء احمدیت کی سیرت میں سے چند واقعات پیش کئے۔ اس پروگرام کی کل حاضری 205 افراد تھی۔

☆ 31 مئی کو تمام اہل محلّہ کو اجتماعی انتظام کے تحت کھانا تقسیم کیا گیا۔ خدا تعالیٰ ہماری ان حقیر مساعی کو قبول فرمائے اور ہم سب کو ہمیشہ خلافت سے وابستہ رکھے۔

## حضرت سیدہ ام ناصر محمودہ بیگم صاحبہ

حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی کی حرم اوّل حضرت سیدہ ام ناصر محمودہ بیگم صاحبہ تھیں آپ حضرت مسیح موعود کے ایک مخلص اور فدائی رفیق حضرت ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب کی صاحبزادی تھیں جو 313 رفقاء میں شامل ہیں۔ آپ کا وجود کئی لحاظ سے الٰہی کلمات کا مورد بنا۔ آپ کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ آپ کے رشتہ کی تجویز خود حضرت مسیح موعود نے فرمائی۔ حضرت مسیح موعود کو پہلا پوتا آپ کے بطن سے ملا۔ آپ خلیفۃ المسیح الثالث کی والدہ ہونے کا اعزاز بھی رکھتی ہیں۔

آپ کا نکاح اکتوبر 1902ء میں حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب کے ساتھ حضرت مولانا حکیم نورالدین صاحب خلیفۃ المسیح الاوّل نے ایک ہزار روپے حق مہر پر پڑھایا۔

نکاح کی تقریب کے لئے قادیان سے ایک قافلہ رڑکی گیا وہاں حضرت ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب تعینات تھے۔ اکتوبر 1903ء میں تقریب رخصتانہ آگرہ میں منعقد ہوئی جہاں حضرت ڈاکٹر صاحب موصوف میڈیکل کالج میں پروفیسر تھے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت مصلح موعود کو حضرت ام ناصر سے کثیر اولاد سے نوازا۔ تین بچے صاحبزادہ مرزا نصیر احمد صاحب، صاحبزادی امتہ العزیز صاحبہ اور صاحبزادہ مرزا حفیظ احمد صاحب بچپن میں وفات پا گئے۔ باقی بچوں کی تفصیل یہ ہے:

1۔ حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد خلیفۃ المسیح الثالث

2۔ حضرت صاحبزادی ناصرہ بیگم صاحبہ اہلیہ حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب والدہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

3۔ محترم صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب سابق وکیل اعلیٰ تحریک جدید۔

4۔ محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب مرحوم

5۔ مکرمہ صاحبزادی امتہ العزیز بیگم صاحبہ اہلیہ صاحبزادہ مرزا حمید احمد صاحب مرحوم

6۔ مکرم صاحبزادہ مرزا حفیظ احمد صاحب ربوہ

7۔ مکرم صاحبزادہ مرزا انور احمد صاحب ربوہ

8۔ مکرم صاحبزادہ مرزا اظہر احمد صاحب ربوہ

9۔ مکرم صاحبزادہ مرزا رفیق احمد صاحب ربوہ

آپ کو حضرت مصلح موعود کی 55 سالہ رفاقت کا شرف حاصل ہوا۔ 31 جولائی 1958ء کو مری میں آپ کی وفات ہوئی۔ یکم اگست کو ربوہ میں حضرت مصلح موعود نے آپ کا جنازہ پڑھایا۔ اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں حضرت اماں جان کے قرب میں آپ کی تدفین ہوئی۔

آپ ایک عرصہ تک صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ کے طور پر خدمات سرانجام دیتی رہیں۔ تقویٰ شعار، باوقار اور سلسلہ کے لئے بڑھ چڑھ کر قربانی کرنے والی خاتون تھیں۔ اخبار الفضل کے اجراء کے وقت اس کے ابتدائی سرمایہ میں آپ کا بھی حصہ شامل تھا۔

# خبریں

ملکی اخبارات میں سے

## پاکستان میں یکطرفہ کارروائی خودمختاری کی خلاف ورزی ہوگی

وزیراعظم گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان میں کسی قسم کی یکطرفہ کارروائی پاکستان کی سالمیت وخودمختاری کے خلاف اقدام تصور ہوگا۔ امریکہ موثر نتائج کیلئے پاکستان کے ساتھ خفیہ اطلاعات کے تبادلے اور دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی استعداد بڑھانے کے لئے تعاون بڑھائے۔ دورہ امریکہ کے موقع پر امریکی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ جیتنے کیلئے عزم اور قابلیت کی ضرورت ہے۔ ہمارے عزم مصمم ہیں تاہم عسکریت پسند اس وقت دنیا کے بہترین ہتھیاروں سے لیس ہیں لہٰذا جب امریکہ کی طرف سے پاکستان کے ساتھ دفاعی تعاون مزید بڑھے گا تو پھر ہم دہشت گردوں کے خلاف جنگ میں مزید موثر کردار ادا کرنے کے قابل ہوں گے۔

## جسٹس افتخار چودھری کا کراچی میں شاندار استقبال

معزول چیف جسٹس افتخار چودھری کا کراچی پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا۔ معزول چیف جسٹس کو کراچی آمد پر سرکاری پروٹوکول فراہم نہیں کیا گیا۔ جبکہ قافلے میں موجود ایک گاڑی میں جیمرز بھی نصب کئے گئے تھے تاکہ امپرووآئیزڈ ایکسپلوزیو ڈیوائس (آئی ای ڈیز) کے امکان کو زائل کیا جاسکے۔ ان کے ہمراہ سپریم کورٹ بارایسوسی ایشن کے صدر اعتزاز احسن بھی موجود تھے۔ پی سی او کے تحت حلف نہ اٹھانے والے سینئر ججز سمیت سیاسی جماعتوں، وکلاء اور سول سوسائٹی کے رہنماؤں نے ان کا استقبال کیا۔

## کنٹرول لائن پر فارورڈ چوکی بنانے کی بھارتی کوشش ناکام بنادی

پاکستان نے بھارت کی طرف سے کنٹرول لائن پر سیز فائر کی خلاف ورزی کا دعویٰ مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی فوج نے کنٹرول لائن عبور کی اور پاک فوج نے بھارت کی طرف سے فارورڈ چیک پوسٹ بنانے کی کوشش ناکام بنادی۔ بی بی سی کے مطابق دونوں ممالک کی طرف سے کنٹرول لائن پر جھڑپوں کے حوالے سے متضاد دعوے کئے جا رہے ہیں اور آخری اطلاعات کے مطابق علاقے میں فائرنگ کا سلسلہ جاری تھا۔ دوسری طرف بھارتی فوجی ترجمان نے بتایا کہ دونوں ممالک کے کمانڈروں کی ملاقات ایل او سی پر نوگام سیکٹر میں ہوئی اور جوں کی توں صورتحال برقرار رکھنے پر اتفاق ہوگیا ہے۔

## امریکی حملے میں القاعدہ کمانڈر المصری مارا گیا

پاکستانی خفیہ اداروں کے عہدیداروں نے مبینہ امریکی میزائل حملے میں القاعدہ کے اہم کمانڈر مدحت مرسی السید عمر عرف ابو خباب المصری کی ہلاکت کی تصدیق کردی ہے جبکہ اس میزائل حملے میں مارے جانے والے القاعدہ کمانڈر سمیت دیگر جنگجوؤں کو ان کے ساتھیوں نے حملے کے فوری بعد دفن کردیا۔ پشاور میں تعینات خفیہ ادارے کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ ہمیں یقین ہے کہ وہ اس حملے میں مارا گیا ہے۔ پاک فوج کے ترجمان نے کہا کہ القاعدہ کمانڈر کی میزائل حملے میں ہلاکت سے متعلق ہمیں ابھی تک علاقے میں موموجود ٹیموں سے کوئی مصدقہ اطلاع نہیں ملی۔ ہم ابھی تک اس سلسلے میں مصدقہ اطلاعات تلاش کررہے ہیں۔

## ایل پی جی کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ

ایل پی جی پیداواری کمپنیوں نے گیس کی یومیہ پیداوار میں 500 ٹن کمی کرکے مارکیٹ میں مصنوعی قلت پیدا کردی ہے جبکہ مقامی مارکیٹ پرائس کو بین الاقوامی مارکیٹ سے منسلک کرنے کے لئے کام شروع کردیا ہے۔ مارکیٹ سے ایل پی جی کی قیمت میں 3 تا 5 روپے فی کلوگرام جبکہ 11.8 کلوگرام گھریلو سلنڈر کی قیمت میں 30 تا 50 روپے اور 45.4 کلوگرام کمرشل سلنڈر کی قیمت میں 115 تا 230 روپے کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ قیمتوں میں اضافے کے بعد صوبہ سندھ اور سرحد میں گھریلو سلنڈر کی قیمت 750 روپے اور کمرشل کی 2808 روپے جبکہ پنجاب میں گھریلو سلنڈر کی قیمت 730 روپے اور کمرشل سلنڈر کی قیمت 2924 روپے ہوگئی ہے۔

### ربوہ میں طلوع وغروب 31 جولائی

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 4:48 |
| طلوع آفتاب | 6:20 |
| زوال آفتاب | 1:14 |
| غروب آفتاب | 8:08 |


تریاق بواسیر
بادی بواسیر کیلئے
NASIR ناصر
ناصر دواخانہ رجسٹرڈ گولبازار ربوہ
PH:047-6212434

طاہر ہومیو پیتھک کنسلٹیشن کلینک
ڈاکٹر مرتضیٰ احمد ایم بی بی ایس K.E ایم ڈی ایران
اللہ کے فضل سے ہرطرح کے پیچیدہ، کرانک اور لاعلاج امراض کا تسلی بخش علاج کیا جاتا ہے۔ مشورہ کیلئے بالمشافہ ملیں یا اپنے مفصل حالات لکھ کر بذریعہ پوسٹ میڈیسن طلب کرسکتے ہیں
424-D فیصل ٹاؤن لاہور نزد گورمے بیکرز
0322-4223537 ☎ 042-5221477






Digital Technology

UNIVERSAL
Voltage Stabilizers

AUTOMATIC VOLTAGE STABILIZERS
FOR

- Fridge
- Freezer
- Computer
- Dish Anteena
- Air Conditioner
- Photocopy Machine

UNIVERSAL APPLIANCES
®T.M REGD No. 77396 113314 ©DESIGN REGD No.6439, 6313, 6686
©COPYRIGHT REGD No. 4851, 4938, 5562, 5563, 5775, 5046. MADE IN PAKISTAN

Dealer: Hassan Traders, Rabwah. MOB: 0333-4362531


MB/FD-10